Shabbir/Mazhar

10-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندرمودی آج ریاست میں دو ریلیوں سے خطاب اور ایک روڈ شو کریں گے۔

2 BJP اور مہاوکاس اگھاڑی آج ممبئی میں مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کریں گے۔

3 QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی-ایشیا 2025 میں 7 بھارتی اداروں نے سرفہرست 100 اداروں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ IIT دلی نے 44واں مقام حاصل کیاہے۔

4 کنیڈا نے بھارت سمیت 14 ملکوں کے طلبہ کیلئے فاسٹ ٹریک ویزا پروگرام کو ختم کردیاہے۔

5 ہانگ کانگ میں جاری سینئر ایشین جوڈو اوپن میں بھارتی آتھلیٹس نے تین کانسے کے تمغے حاصل کئے ہیں۔

6 اور ٹیبل ٹینس میں

بھارت کی Syndrela Das نے اٹلی میں WTT یوتھ Contender میں 15 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیاہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## Jharkhand Campaigning

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک، دونوں کی سرکردہ شخصیات ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہی ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندرمودی آج جھارکھنڈ میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے اور ایک روڈشو کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

وزیراعظم کی پہلی چناؤ ریلی آج دوپہر ایک بجے بوکارو میں چندن کیاری اسمبلی حلقے میں چاندی پور فٹ بال گراؤنڈ میں ہوگی جبکہ دوسری ریلی سہ پہر سوا تین بجے گڑھوا کے ایروڈروم گراؤنڈ میں ہوگی۔ وزیراعظم شام کو سوا پانچ بجے رانچی میں ایک روڈ شو بھی کریں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر لیڈر ہیمنت سورین Bhawanathpur، Tamar اور Khijri میں کئی عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ RJD کے سینئر رہنما تیجسوی یادو چترا میں Hunterganj میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو Sarath ، دیوگھر اور Poreyahat میں تین انتخابی ریلیاں کریں گے۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر

شیوراج سنگھ چوہان Tamar ،Ichagarh اور کھرساواں میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔
بی جے پی کے جھارکھنڈ اسمبلی چناؤ کے شریک انچارج ہیمنت بسوا سرما، چترا اور لاتیہار میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔
رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کیلئے میں محمد عمار

**Jharkhand Tamar**

اسمبلی حلقوں کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کے رانچی ضلعے کی Tamar اسمبلی سیٹ پر ایک نظر ڈالیں گے ۔ Tamar میں پہلے مرحلے کے تحت اس ماہ کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- K K Lal**

این ڈی اے کے درمیان سیٹوں کی تقسیم کے فارمولے کے تحت Tamar سیٹ جنتادل یونائیٹڈ کو دی گئی ہے اور گوپال کرشن Patar یہاں سے چناؤ لڑرہے ہیں۔ یہ سیٹ درج فہرست قبائل کیلئے مخصوص ہے۔ جنتادل یونائیٹڈ نے یہاں سے دو مرتبہ جیت حاصل کی ہے جبکہ آل جھارکھنڈ اسٹوڈنٹس یونین نے ایک مرتبہ یہاں کی نمائندگی کی ہے۔ 2009 کے ضمنی چناؤ میں گوپال کرشن Patar نے وزیراعلیٰ شیبوسورین کو ہرایا تھا۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے وکاس کمار منڈا کو ٹکٹ دیا ہے۔ وہ اس اسمبلی حلقے سے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے موجودہ MLA ہیں۔ اگرچہ 10 آزاد امیدواروں سمیت کُل 18 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، تاہم اصل مقابلہ جنتادل یو کے گوپال کرشن Patar اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے وکاس کمار منڈا کے درمیان ہے۔
بے روزگاری، پینے کے پانی کی قلت اور بجلی کی سپلائی اس حلقے کے کلیدی مسائل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے وکاس کمار منڈا اپنی سیٹ برقرار رکھ پاتے ہیں یا گوپال کرشن Patar جنتادل یو کیلئے تیسری مرتبہ یہاں سے کامیابی حاصل کرتے ہیں۔
رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمد عمار

**Maharashtra Manifesto**

حکمراں بھارتیہ جنتا پارٹی اور اپوزیشن مہاوکاس اگھاڑی آج مہاراشٹر اسمبلی چناؤ کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کریں گے۔
ریاست میں چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کیلئے لوگوں کی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ریاست بھر کا دورہ کررہے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Prarthna

مرکزی وزیرداخلہ اور بی جے پی کے سینئر رہنما امت شاہ آج مہاراشٹراسمبلی چناؤ کیلئے بھارتیہ جنتاپارٹی کا انتخابی منشور 'سنکلپ پتر' جاری کریں گے۔ BJP کے اہم لیڈر بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔ جناب امت شاہ مہایوتی اتحاد کے امیدواروں کی حمایت کیلئے شمالی مہاراشٹر اور ودربھ خطے میں جلگاؤں، بلدانہ اور امراوتی میں تین چناؤ ریلیوں سے بھی خطاب کریں گے۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری، ناگپور اور یاوت مال میں جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ نائب وزیراعلیٰ اور بی جے پی کے رہنما دیویندر فڑنویس ممبئی، امراوتی اور ناگپور میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔
دوسری طرف اپوزیشن مہاوکاس اگھاڑی اتحاد بھی آج مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کرے گا۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے آج انتخابی منشور جاری کریں گے۔ خبروں کے مطابق کانگریس کے جنرل سکریٹری کے سی وینوگوپال، مہاراشٹر کانگریس انچارج رمیش Chennithala ، مہاراشٹر کانگریس کے صدر نانا پٹولے، کانگریس لیجسلیچر پارٹی کے لیڈر بالاصاحب تھورات، NCP ایس پی کے صدر جینت پاٹل، ممبئی کانگریس کی صدر ورشا گائیکواڑ، شیوسینا یو بی ٹی کے رہنما سنجے راوت اور مہاوکاس اگھاڑی کے دیگر رہنما اس موقع پر موجود ہوں گے۔ اس دوران NCP ایس پی کے سربراہ شردپوار، مہاوکاس اگھاڑی کے امیدواروں کی حمایت کیلئے جالنا اور احمدنگر

میں ریلیاں کریں گے۔
ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد

## Gov Paddy Procurement

سرکار نے جمعے تک خریف مارکیٹنگ سیزن 25-2024 میں 120 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ دھان کی خریداری کی ہے۔ اس سے 27ہزار 995 کروڑ روپے سے زیادہ کی کم سے کم امدادی قیمت MSP کے ساتھ پنجاب کے 6 لاکھ 58 ہزار کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظامِ تقسیم کی وزارت نے کہا ہے کہ گریڈ-A کا دھان کم از کم امدادی قیمت 2 ہزار 320 روپے فی کوئنٹل کے حساب سے خریدا جارہا ہے۔
مرکزی حکومت نے خریف مارکیٹنگ سیزن 25-2024 کے دوران 185 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کا نشانہ مقرر کیاہے۔ دھان کی خریداری کا یہ عمل اس مہینے کے آخر تک جاری رہے گا۔

## QS World University Ranking

QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی-ایشیا 2025 میں 7 بھارتی اداروں نے سرفہرست 100 اداروں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ بھارت کی دو یونیورسٹیاں سرفہرست پچاس اداروں میں شامل ہیں۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی IIT دلی نے 44واں مقام حاصل کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت تعلیم نے کہاہے کہ درجہ بندی کا یہ ایڈیشن، براعظم ایشیا میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں بھارت کی متاثر کن کارکردگی کو نمایاں کرتا ہے۔ IIT بامبے نے 48 واں مقام حاصل کیاہے جبکہ IIT مدراس، IIT کھڑک پور، IIT کانپور اور دلی یونیورسٹی کے علاوہ دیگر بھارتی ادارے سرفہرست 100 اعلیٰ تعلیمی اداروں میں شامل ہیں۔ اس سے تعلیم کے شعبے میں بھارت کی شاندار کارکردگی ظاہر ہوتی ہے۔
IIT گوہاٹی،IIT رڑکی، جواہرلال نہرو یونیورسٹی،چنڈی گڑھ یونیورسٹی، UPES اور ویلور انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سرفہرست 150 اداروں میں شامل ہیں۔ اِس درجہ بندی میں مشرقی، جنوبی، جنوب مشرقی اور وسطی ایشیا میں واقع 25 ملکوں کے 984 تعلیمی اداروں کا جائزہ لیاگیاہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ماہرتعلیم ڈاکٹر سنت کمار چودھری نے کہا کہ تازہ ترین درجہ بندی میں بھارت، اداروں کی سب سے زیادہ تعداد کے ساتھ کھڑا ہے۔

SB Sant Choudhray QS Ranking

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

## Indian Road Congress

انڈین روڈ کانگریس کے 83 ویں اجلاس میں سڑکوں کی تعمیر سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ یہ کنونشن چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں منعقد ہوا۔ تقریباً دو ہزار ماہرین، انجینئرز اور سائنس دانوں نے اس چار روزہ اجلاس میں شرکت کی جو کل اختتام پذیر ہوگا۔
مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

Vikalp Shukla

انڈین روڈ کانگریس کے سالانہ اجلاس میں گزشتہ ایک سال میں روڈ سیفٹی، دیہی علاقوں میں سڑکوں کی ترقی اور سڑکوں کی تعمیر کے شعبے میں ٹیکنولوجی سے متعلق ترقی پر ہی بات چیت نہیں ہوئی بلکہ اجلاس کے مقام پر بھی اس کی نمائش کی گئی۔ انڈین روڈ کانگریس کے جنرل سکریٹری سنجے کمار نرمل نے کہا کہ بھارت میں اب کوڑے کچرے مقامی سطح پر دستیاب سازوسامان کا زیادہ سے زیادہ استعمال

سڑکوں کے شعبہ میں کیا جا رہا ہے، جس سے یہ ماحولیات کے لیے موافق تعمیرات اور سرکلر ایکونومی کو فروغ دیتا ہے۔
وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

## J&K Encounter

جموں وکشمیر میں کل بارہمولہ ضلع کے سوپور قصبے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں ایک دہشت گرد ہلاک ہوگیا جبکہ دو سے تین دہشت گرد ابھی بھی وہاں پھنسے ہوئے ہیں۔ حکام نے کہا ہے کہ کل شام سوپور قصبے کے رام پورہ علاقے میں سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید جھڑپ شروع ہوئی۔ دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ جانکاری ملنے کے بعد فوج، CRPF اور جموں وکشمیر پولیس کے ذریعے ایک مشترکہ دہشت گردی مخالف کارروائی شروع کی گئی تھی۔ محاصرہ اور تلاش کی کارروائی کے گھیرے میں اضافے کے ساتھ ہی دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کردی جس کے بعد یہ تصادم شروع ہوا۔ اس کارروائی میں اب تک ایک دہشت گرد مارا گیاہے، دو سے تین دہشت گردوں کے گھرے ہونے کی خبر ہے۔

## Pak Blast

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں کل ایک ریلوے اسٹیشن پر ہوئے بم دھماکے میں کم سے کم 25 افراد ہلاک اور تقریباً 50 زخمی ہوگئے۔ یہ بم دھماکہ اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر اُس وقت ہوا جب ایک ٹرین پشاور کیلئے کوئٹہ اسٹیشن سے روانہ ہونے والی تھی۔ علاحدگی پسند ملی ٹینٹ گروپ بلوچستان لبریشن آرمی نے اس خودکش حملے کی ذمہ داری لی ہے۔ بلوچستان لبریشن آرمی نے کہاہے کہ اُس نے پاکستان کی ایک فوجی یونٹ کو نشانہ بنایا جو ایک تربیتی کورس مکمل کرنے کے بعد کوئٹہ سے واپس آرہی تھی۔ پولیس نے تصدیق کی ہے کہ مرنے والوں میں 14 سپاہی شامل ہیں۔ بلوچستان صوبے میں آزادی اور مقامی وسائل پر کنٹرول کا مطالبہ کرتے ہوئے خطرناک حملوں میں حالیہ دنوں میں اضافہ ہوا ہے۔

## Canada Visa

ایک اہم پیش رفت میں ، جس کے بھارتی طلبا پر دور رس اثرات پڑ سکتے ہیں۔کنیڈا نے اپنے
Student Direct Stream - SDS ویزا پروگرام کو بند کر دیا ہے۔ بین الاقوامی طلبا کے لیے تعلیم کی غرض سے اجازت نامہ حاصل کرنے کا SDS ایک اہم وسیلہ ہے۔ اس کے مطابق رہائش اور وسائل کی کمی کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے ملک کی کوشش کے حصے کے طور پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔SDS پروگرام کو Immigration Refugess and Citizenship Canada - IRCC نے 2018 میں شروع کیا تھا۔ اسے 14 ملکوں کے طلبا کے لیے تعلیم کی غرض سے اجازت ناموں کی درخواستوں کو تیزی سے نمٹانے کے لیے تیار کیا گیاتھا۔ ان ملکوں میں بھارت، برازیل، چین، کولمبیا، کوسٹاریکا، مراکش، پاکستان، پیرو، فلپائن اور ویتنام شامل ہیں۔
کینیڈا کی حکومت کے اس قدم سے بین الاقوامی طلبا کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، خاص طور سے ان ملکوں کے طلبا کے جنھیں پہلے SDS پروگرام میں شامل کیا گیا تھا۔x

## Iffiesta Registration

انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا، IFFI نے 2024 Iffiesta کے آغاز کا اعلان کیا ہے جو ایک شاندار تفریحی پروگرام ہے جسے فلم، لذیذ کھانوں، آرٹ اور تبادلہ خیال کے ذریعہ لوگوں کوایک ساتھ لانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔Iffiest کو کل اکیڈمی میں 21 سے 28 نومبر تک منعقد کیا جائے گا۔ وزارت اطلاعات ونشریات نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ ایک ثقافتی پروگرام ہے جس میں لوگوں کو بھارتی ثقافت، کھانوں، موسیقی اور سینما کے شاندار تنوع کو دیکھنے کا موقع ملے گا۔

## Sports Round Up

ٹیبل ٹینس میں اٹلی کے Lignano Sabbiadoro میں WTT Youth Contender میں بھارت کی Syndrela Das نے15 سال سے کم عمرکی لڑکیوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔انھوں نے کل رات فائنل میں Divyanshri Bhowmick

کو 2-3 سے ہرا دیا۔

جوڈو میں بھارتی ایتھلیٹ نے ہانگ کاگ میں سینئر ایشین جوڈو اوپن میں کانسے کے تین تمغے جیتے ہیں۔

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ -آسیہ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے پاکستان کے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ہوئے دھماکے میں 27 افراد کی ہلاکت کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ ہیمنت سورین کے مشیر کے گھر سمیت 9 مقامات پر محکمہ انکم ٹیکس کا چھاپہ، اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور اخبار ملاپ نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم کے ذریعہ اتراکھنڈ کے یوم تاسیس کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دینے کی خبر کو اہمیت دیتے ہوئے سرخی لگائی ہے ہمیں اب روشن اتراکھنڈ کے مستقبل کے لیے، اگلے 25 سال کا سفر شروع کرنا ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کو نمایاں کیا ہے جس کے مطاق غزہ جنگ میں ہلاک ہونے والوں میں 70 فیصد خواتین اور بچے ہیں۔ اخبار انقلاب نے جموں کشمیر میں سیکیورٹی فورسز سے تصادم میں ایک دہشت گرد کی ہلاکت کی خبر کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے۔

اخبارات نے غزہ میں جنگ بندی کی ثالثی سے قطر کے خود کو الگ کیے جانے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ٹرمپ، ایران پر مزید سخت پابندیاں عائد کر سکتے ہیں: حکام کا بیان۔
- تارکین وطن کو امریکہ آنے سے روکنے اور انھیں ملک بدر کرنے کی بات پر قائم ہوں: ٹرمپ کا بیان
- بائیڈن کا عہدہ چھوڑنے سے قبل یوکرین کو اربوں ڈالر کی امداد دینے کا منصوبہ

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندرمودی آج ریاست میں دو ریلیوں سے خطاب اور ایک روڈ شو کریں گے۔

2 BJP اور مہاوکاس اگھاڑی آج ممبئی میں مہاراشٹراسمبلی انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کریں گے۔

3 QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی-ایشیا 2025 میں 7 بھارتی اداروں نے سرفہرست 100 اداروں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ IIT دلی نے 44واں مقام حاصل کیاہے۔

4 کنیڈا نے بھارت سمیت 14 ملکوں کے طلبہ کیلئے فاسٹ ٹریک ویزا پروگرام کوختم کردیاہے۔

5 ہانگ کانگ میں جاری سینئر ایشین جوڈو اوپن میں بھارتی اتھلیٹس نے تین کانسے کے تمغے حاصل کئے ہیں۔

6 اورٹیبل ٹینس میں

بھارت کی Syndrela Das نے اٹلی میں WTT یوتھ Contender میں 15 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیاہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---